اسکو بھیڑ کے پیچھے چھوڑ دیا میں کیا بتاؤں ہمیں شمان نقل گربہ و موش بود۔ یہی بلی اور چوہے کی نقل تھی

شادی ارا دیدی۔ بندر کو دیکھا تو بوزنہ فارسی کا جی ست۔ بوزنہ فارسی کا جی ہے ببیں بر دیوار

کاٹتا ہے
نشستہ۔ دیکھو دیوار پر بیٹھا ہے دست پیشش مکن کہ می زند۔ اسکے سامنے ہاتھ مت کر اسلئے کہ بدجانور

نیست۔ برا جانور ہے مرا حرکاتش خیلی خوش می آید مجھکو اسکی حرکت بہت اچھی لگتی ہے

چہ قدر بآدم می ماند۔ کس طرح آدمی کی مشابہت رکھتا ہے چہ جور تہا می سازد کہ خندہ می آید

کیسی صورتیں بناتا ہے کہ ہنسی آتی ہے ابر سیاہے از جانب شمال برخاستہ شمال کی

جانب سے کالا بادل اٹھا ہے البتہ خواہد بارید ضرور برسے گا برق ہم می تابد بجلی بھی
چمک رہی ہے۔

دوبیرہ بیائید ۔ دوڑ کر آؤ ۔ قدم بردارید ۔ قدم اٹھاؤ ۔ پیش از باریدن بخانہ

اب تو پہنچے

برسیم ۔ برسنے سے پہلے گھر میں پہنچے ۔ اینک دررسید ۔ تھوڑی دیر میں پہنچے ۔ حالا زور آورد

زور لایا

اب جلدی آؤ ۔ بیائید ۔ آؤ ہم ۔ بدکانے پناہ گیریم تا تر نشویم ۔ دکان میں پناہ لیں

زور سے

تاکہ نہ بھیگیں ہم ۔ آب زور می بارد ۔ پانی برس رہا ہے ۔ اکنون استاد ۔ اب ٹھہرا ۔ حالا کم شد

اب کم ہو گیا ۔ ہنوز نارہ جاری ہست ۔ ابھی پرنالہ جاری ہے ۔ زمین ہمہ گل شد ۔ تمام

زمین گیلی ہو گئی ۔ سوئے مشرق نگاہ کنید ۔ مشرق کی طرف نگاہ کرو ۔ قوس قزح برآمدہ

دھنک نکل آیا ۔ چہ پرخوش رنگہا دارد ۔ واہ واہ اچھے رنگ دکھاتا ہے ۔ این روشنی و صدائے مہیب

چہ بود ۔ یہ روشنی اور خوفناک آواز کیا تھی

این برق است و رعد ۔ یہ بجلی ہے اور گرج

صاعقہ است کہ بر مردم می افتد و ہلاک می کند ۔ ایسی کڑک ہے لوگوں کے سروں پر گرتی ہے

اور ہلاک کر دیتی ہے

پناہ بخدا ۔ خدا کی پناہ ۔ الہی از آسیبش نگہدار ۔ اے اللہ اس تکلیف سے حفاظت

فرما ۔

ہے

باران رحمت الہی ست ۔ بارش اللہ کی رحمت ۔ اکنون گیاہ می روید ۔ اب گھاس اگ گی

ہو جائیگی

روئے زمین ہمہ سبز می شود ۔ تمام روئے زمین ہری ۔ گلبن گل می کند ۔ شاخ پھول کرتی ہے

درخت ثمر می بارد۔ درخت پھل دیتا ہے غلّہ پیدا می شود۔ غلہ پیدا ہو جائیگا۔

حکایتِ اوّل — پہلی حکایت

ایک دن ایک بادشاہ شہزادے کے ساتھ شکار کے لئے گیا۔ جب ہوا گرم ہوئی بادشاہ اور شہزادے نے اپنے چوغے کو مسخرے کے کندھے پر رکھ دیا۔ بادشاہ مسکرایا اور کہا اے مسخرے تیرے اوپر ایک گدھے کا بوجھ ہے اس نے کہا دو گدھوں کا۔

حکایتِ دوم — دوسری حکایت

ایک شیر اور ایک مرد نے ایک طرف میں اپنی تصویر دیکھی۔ مرد نے شیر کو کہا دیکھ رہا ہے انسان کی بہادری کہ شیر کو تابع کر لیا ہے۔ شیر نے کہا۔ اس کا مصوّر انسان ہے اگر شیر مصوّر ہوتا [redacted] یہ اس طرح نہ ہوتا۔

حکایتِ سوم — تیسری حکایت

ایک شخص نے بڑا رتبہ پایا۔ ایک دوست مبارک باد دینے کے واسطے اس کے پاس گیا اس شخص نے پوچھا کون ہے تو۔ اور کیوں آیا ہے۔ اس کا دوست شرمندہ ہوا اور کہا مجھ کو نہیں پہچانتا تو میں تیرا پرانا دوست ہوں تہنیت کے واسطے تیرے پاس آیا ہوں میں نے سنا ہے کہ تو اندھا ہو گیا

حکایتِ چہارم — چوتھی حکایت

ایک حکیم جب کبھی قبرستان میں جاتا اپنے سر اور چہرے پر چادر لپیٹ لیتا لوگوں نے پوچھا کہ اس کا کیا سبب ہے۔ اس نے کہا میں اس قبرستان کے مردوں سے شرم کرتا ہوں اسلئے کہ یہ سب میری دوا سے مرے ہیں

حکایت پنجم — پانچویں حکایت

کوئی چیز مت مانگ

ایک فقیر ایک بخیل کے پاس گیا اور کچھ مانگا۔ بخیل نے کہا۔ اگر تو میری ایک بات قبول کرے، جو کچھ چاہے گا دونگا۔ فقیر نے پوچھا وہ بات کیا ہے۔ اس نے کہا کبھی کوئی چیز مجھ سے مت مانگنا، دوسرا جو کچھ کہے گا کرونگا۔

حکایت ششم — چھٹی حکایت

ایک شخص نے افلاطون سے پوچھا کہ تو بہت سال جہاز میں رہا اور دریا کا سفر کیا اور دریا میں کیا عجائب دیکھے تو نے۔ اس نے کہا کہ عجیب یہی تھا کہ دریا سے کنارہ کی سلامت پہنچا ہوں

حکایت ہفتم — ساتویں حکایت

ایک شاعر نے ایک مالدار کی تعریف کی۔ کچھ نہیں پایا پھر برائی کی۔ مالدار نے اسکو کچھ نہیں کہا دوسرے دن شاعر اس کے دروازہ پر گیا اور بیٹھا مالدار نے کہا اے شاعر تو نے تعریف کی تجھ کو کچھ نہیں دیا میں نے برائی کی کچھ نہیں کہا میں اب کیوں بیٹھا ہے اس نے کہا اب میں چاہتا ہوں کہ اگر تو مر جائے تو تیرا مرثیہ بھی پڑھوں میں۔

حکایت ہشتم — آٹھویں حکایت

ایک شخص نے فقیر کی پگڑی لی اور بھاگ گیا فقیر قبرستان میں گیا اور بیٹھا لوگوں نے اس کو کہا کہ وہ شخص تیری پگڑی ایک باغ کی طرف لے گیا قبرستان کے دروازہ پر کیوں بیٹھا ہے اور کیا کر رہا ہے۔ اس نے کہا کہ وہ بھی آخر اس جگہ آئے گا اسی سبب سے اس جگہ بیٹھا ہوا ہوں میں۔

حکایت نہم — نوی حکایت

ایک شخص نے شیطان سے خواب میں ملاقات کی۔ ایک طمانچہ اس کے چہرہ پر مارا اور اس کی ڈاڑھی کو پکڑا اور کہا اے ملعون تو ہمارا دشمن ہے۔ اور ہم لوگوں کو دھوکہ دینے کے واسطے بھی ڈاڑھی رکھتا ہے جب دوسرا طمانچہ اس کے چہرہ پر مارا بیدار ہو گیا اور

اپنی ڈاڑھی کو اپنے ہاتھ میں دیکھ کر شرمندہ ہوا اور اپنے پر ہنسا۔

حکایت دہم — دسویں حکایت

ایک شخص نے ایک بخیل سے دوستی رکھی ایک دن بخیل کو کہا کہ اب میں سفر میں جا رہا ہوں اپنی انگوٹھی مجھ کو دے اس کو اپنے پاس رکھوں گا جب کبھی اسکو دیکھوں گا تجھ کو یاد کروں گا جواب دیا کہ اگر تو مجھکو یاد رکھنا چاہتا ہے جب کبھی اپنی انگلی خالی دیکھے مجھکو یاد کر کہ فلاں سے انگوٹھی مانگی تھی اسنے نہیں دی۔

حکایت یازدہم — گیارویں حکایت

ایک دن ایک شاعر نے غلطی کر دی۔ بادشاہ نے جلاد کو حکم دیا کہ اسکو میرے چہرہ کے سامنے مار ڈال شاعر کے بدن پر کپکپی طاری ہو گئی ایک ہمنشین نے اسکو کہا یہ کیا نامردی اور بیہجگری ہے۔ مرد کبھی اس طرح نہیں ڈرتے شاعر نے کہا اے ہمنشین اگر تو مرد ہے تو آ میری جگہ بیٹھ تا کہ میں اٹھوں بادشاہ نے یہ لطیفہ پسند کیا اور ہنسا اور اسکی غلطی معاف کر دی۔

حکایت دوازدہم — بارھویں حکایت

ایک بادشاہ نے خواب میں دیکھا کہ اسکے تمام دانت گر گئے ایک منجم سے اس خواب کی تعبیر پوچھی اسنے کہا کہ بادشاہ کے سبھی اولاد اور رشتہ دار بادشاہ کے سامنے مر جائیں گے۔ بادشاہ غصہ میں ہو گیا اور منجم کو قید کر دیا اور دوسرے منجم کو بلایا اور اس خواب کی تعبیر پوچھی عرض کیا کہ سبھی اولاد اور رشتہ دار سے بادشاہ ـــ زیادہ جئے گا بادشاہ نے یہ لطیفہ پسند کیا اور انعام دیا۔

حکایت سیزدہم — تیرھویں حکایت

ایک شخص ایک لکھنے والے کے پاس گیا اور کہا ایک خط لکھ۔ اسنے کہا میرا پاؤں درد کرتا ہے اس شخص نے کہا کہ تجھکو کسی جگہ نہیں بھیجنا چاہتا میں کہ ایسا عذر کر رہا ہے۔ جواب دیا کہ

یہ بات بڑی سچ ہے۔ لیکن جب کبھی کسی شخص کے واسطے خط لکھتا ہوں میں تو اس کے پڑھنے کے واسطے میں ہی بلایا جاتا ہوں۔ اسلئے دوسرا کوئی میری تحریر کو پڑھنے کی طاقت نہیں رکھتا۔

پچودھویں حکایت

حکایت چہاردہم

ایک فقیر نے بڑی غلطی کی جبشی کوتوال کے پاس لے گئے کوتوال نے حکم دیا کہ اس فقیر کا تمام چہرہ کالا کر کے تمام شہر میں گھماؤ۔ فقیر نے کہا اے کوتوال میرا آدھا چہرہ سیاہ کر دو تو شہر کے سبھی لوگ جانے گے کہ میں جبشی کوتوال ہوں کوتوال اس کی بات پر ہنسا اور اس کی غلطی معاف کر دی ⊙ یعنی فقیر کی غلطی معاف کر دی۔

پندرھویں حکایت

حکایت پانزدہم

ایک غریب شاعر ایک مالدار کے پاس گیا اور اس طرح اسکے نزدیک بیٹھا کہ شاعر اور مالدار کے درمیان ایک بالشت سے زیادہ فرق نہ تھا مالدار اس سبب سے غصہ ہو گیا اور چہرہ ترش کر لیا اور پوچھا کہ تیرے اور گدھے کے درمیان کتنا فرق ہے اس نے کہا ایک بالشت کے برابر۔ مالدار اس جواب سے بہت شرمندہ ہوا۔ اور عذر کر گیا۔

سولوی حکایت

حکایت شانزدہم

لوگوں کا بیان ہے کہ حضرت آدم علیہ السلام نے جب جنت میں گیہوں کھا لیا تھا تو جو لباس وہ پہنے ہوئے تھے ان کے بدن سے اتر گیا اور وہ اس بات سے گھبرا رہے تھے اور ہر درخت کے پیچھے چھپتے دیکھتے وحی آئی کہ اے آدم ہم سے بھاگ رہے ہو انہوں نے کہا نہیں خدا تجھ سے کس طرح بھاگوں میں اور کہاں بھاگا جا سکتا ہوں لیکن اپنی غلطی سے شرم رکھتا ہوں۔

حکایت ہفدہم — سترویں حکایت

ایک دیہاتی نے ایک اونٹ گم کر دیا تھا قسم کھائی کہ جب پاؤں گا میں ایک درہم میں بیچوں گا میں جب اونٹ پایا اپنی قسم سے شرمندہ ہوا۔ ایک بلّا اونٹ کی گردن میں لٹکائی اور آواز لگائی کہ اونٹ کو ایک درہم میں بیچ رہا ہوں اور بلّی کو تین سو درہم میں لیکن ایک دوسرے سے جدا نہ بیچ رہا ہوں میں۔ ایک شخص اس جگہ میں وارد ہوا اور کہا کیا ہی سستا ہوتا اگر اس اونٹ کے گلے میں یہ ہار نہ ہوتا ۔

حکایت ہیجدہم — اٹھارویں حکایت

ایک نابینا اندھیری رات میں چراغ ہاتھ میں اور صراحی کندھے پر رکھ کر بازار میں جا رہا تھا ایک شخص نے اس سے پوچھا کہ اے بیوقوف تیری نظر میں رات اور دن برابر ہے۔ چراغ سے تجھ کو کیا فائدہ ہے نابینا ہنسا اور کہا یہ چراغ میرے واسطے نہیں بلکہ تیرے واسطے ہے تاکہ اندھیری رات میں میری صراحی نہ توڑے تو ۔

حکایت نوزدہم — انیسویں حکایت

ایک بادشاہ نے ایک منجّم سے پوچھا کہ میری عمر کے کتنے سال باقی ہیں اس نے کہا دس سال بادشاہ بہت فکرمند ہوا اور بیمار کی طرح بستر پر پڑ گیا وزیر عقلمند تھا منجّم کو بادشاہ کے سامنے بلایا اور پوچھا کہ تیری عمر کے کتنے سال باقی ہیں اس نے کہا بیس سال وزیر نے اسی وقت منجّم کو بادشاہ کے سامنے قتل تک پہنچا دیا تلوار سے بادشاہ خوش ہوا اور وزیر کی حکمت کو پسند کیا اور پھر منجم کی کوئی بات نہیں سنی ۔

حکایت بستم — بیسویں حکایت

ایک نقّاش ایک شہر میں گیا اور اس جگہ پر ڈاکٹری کا پیشہ شروع کر دیا چند دن بعد ایک شخص اس کے وطن سے اس شہر میں آیا اور اس کو دیکھا اور پوچھا کہ اب کیا کرتا ہے اس نے کہا ڈاکٹری پوچھا کیوں اس نے کہا کہ اگر اس پیشہ میں جو غلطی مجھ سے ہوتی ہے اسے مٹی چھپا لیتی ہے ۔
اس واسطے

حکایت بست و یکم اکیسویں حکایت

ایک دن ایک شخص اپنے سے کہہ رہا تھا جو کچھ زمین اور آسمان میں ہے سب میرے واسطے ہے خدا نے مجھکو بہت بڑا پیدا کیا اس درمیان میں ایک مچھر اس کی ناک پر بیٹھا اور کہا تجھکو اس طرح غرور مناسب نہیں کہ جو کچھ زمین اور آسمان میں ہے خدا نے سب تیرے واسطے پیدا کیا لیکن مجھکو میرے واسطے تو نہیں جانتا کہ میں تجھ سے زیادہ بڑا ہوں ۔

حکایت بست و دوم بائیسویں حکایت

کام کے

ایک

ایک بادشاہ نے دانشمند کو بلایا کہا میں چاہتا ہوں کہ تجھکو اس شہر کا قاضی بناؤں عقلمند نے کہا کہ اس لائق نہیں ہوں میں بادشاہ نے پوچھا کیوں جواب دیا کہ جو کچھ کہا میں نے اگر سچ کہا میں نے تو مجھ کو معذور رکھئے اگر جھوٹ کہا میں نے تو جھوٹے کو قاضی بنانا مصلحت نہیں ہے بادشاہ نے دانشمند کا عذر پسند کیا اور اسکو معذور رکھا ۔

حکایت بست و سوم تیئسویں حکایت

ایک کبڑے کو لوگوں نے کہا کہ تو چاہتا ہے کہ تیری کمر سیدھی ہو جائے یا دوسرے لوگوں کی کمر تیری طرح کبڑی ہو جائے اس نے کہا میں چاہتا ہوں کہ دوسرے لوگوں کی کمر کبڑی ہو جائے تاکہ جس نظر سے وہ مجھکو دیکھتے ہیں میں بھی ان کو دیکھوں ۔

حکایت بست و چہارم چوبیسویں حکایت

ایک عقلمند بادشاہ کا ہمنشین تھا اور اپنے داڑھی کے بال اکھاڑتا تھا ایک دن بادشاہ نے اس کو کہا کہ اگر دوسری بار داڑھی کے بال اکھاڑے گا تجھ پر سزا کروں گا چند روز بعد عقلمند نے ایک کام کیا کہ بادشاہ اس پر مہربان ہو گیا اسکو کہا جو کچھ چاہتا ہے تجھکو بخشوں میں دانشمند نے کہا میری داڑھی مجھکو بخشدے دوسرا کچھ نہیں چاہتا میں بادشاہ ہنسا اور کہا اگر تیری خوشی اس میں ہے بخش دیا میں نے ۔

حکایت بست و پنجم پچیسویں حکایت

ایک چور ایک شخص کے مکان میں گھوڑا چرانے کے واسطے گیا اچانک گرفتار ہو گیا گھوڑے والے نے چور کو کہا اگر گھوڑا چرانے کی حکمت مجھکو بتائے تجھکو آزاد کروں میں چور نے قبول کر لیا ۔

گھوڑے کے پاس گیا اور اس کے پاؤں کی رسی کھولی اس کے بعد لگام کسا پھر گھوڑے پر سوار ہوا اور تیز ہانکا اور کہا دیکھو اس طرح چوری کرتے ہیں لوگ کہ ہر چند اس کا بھید کیا نہیں پایا ۔

حکایت بست و ششم چھبیسویں حکایت

ایک شخص بہت غریب تھا وہ ایک گھوڑا رکھتا تھا اسکو اصطبل میں باندھا لیکن جس طرف گھوڑے کا سر ہوتا ہے اس نے اسکی دم کردی اور آواز دی اے لوگوں ایک عجیب تماشا دیکھو کہ گھوڑے کی سر کی جگہ دم ہے شہر کے سبھی لوگ جمع ہو گئے ہر ایک شخص کہ اصطبل میں تماشے کے واسطے جانا چاہتا ہے اس سے کچھ نقدی لیتا اور اس کو راستہ دیتا جو شخص اس اس اصطبل میں جاتا پھر شرمندہ اس جگہ سے آتا اور کچھ نہیں کہتا ۔

حکایت بست و ہفتم ستائیسوی حکایت

امیر تیمور لنگ جب ہندوستان پہنچا گانے والوں کو بلایا اور کہا بزرگوں سے سنا ہے میں نے کہ اس شہر میں کامل گانے والے ہیں ایک گانے والا نابینا بادشاہ کے سامنے حاضر ہوا اور گانا شروع کیا بادشاہ بہت خوش ہوا اور اسکا نام پوچھا اس نے کہا میرا نام دولت ہے اس نے کہا دولت بھی اندھی ہوتی ہے جواب دیا اگر دولت اندھی نہ ہوتی لنگ کے گھر میں نہیں آتا بادشاہ نے یہ جواب سنا اور بہت پسند کیا انعام

حکایت بست و ہشتم اٹھائیسوی حکایت

ایک شخص حکیم کے پاس گیا اور کہا کہ میرا پیٹ درد کرتا ہے علاج کر ڈاکٹر نے پوچھا آج کیا کھایا تھا اس نے کہا جلی ہوئی روٹی حکیم نے اس کی آنکھ میں دوا ڈالنی چاہی اس شخص نے کہا اے حکیم پیٹ کے درد کو آنکھ سے کیا نسبت حکیم نے کہا پہلے تجھکو آنکھ کا علاج کرانا چاہیے اگر تیری آنکھ ٹھیک ہوتی تو تو جلی ہوئی روٹی نہیں کھاتا ۔

حکایت بست و نہم انتیسوی حکایت

ایک شخص کی ایک بیماری کی تھیلی گھر میں گم ہو گئی اس نے قاضی کو خبر دی قاضی نے گھر کے تمام لوگوں کو بلایا اور ہر شخص کو ایک ایک لکڑی دی کہ جو لمبائی میں سب برابر تھی اور کہا جو شخص چور ہے اسکی لکڑی ایک انگلی کے بقدر لمبی ہو جائے گی جب سب کو رخصت کر دیا ایک شخص جو چور تھا وہ ڈرا اور

لکڑی کی ایک انگلی کے بقدر چھیل دو دوسرے دن جب قاضی نے سب کو بلایا اور جب دیکھا معلوم کیا کہ یہ چور ہے اس نے

دینار کی چھیل لی اور اسکو سزا دی ؞

تیسویں حکایت

حکایت سی ام

ایک شخص نے ایک شخص کے ساتھ شرط لگائی کہ اگر بازی نہ جیتوں میں تو میرے جسم سے ایک سیر گوشت چھیل لینا جب بازی نہیں جیتا مدعی نے شرط پوری کرنی چاہی اسنے قبول نہ کی دونوں شخص قاضی کے پاس گئے قاضی نے مدعی کو کہا معاف کر دے قبول نہ کیا قاضی غصہ ہوا فرمایا کہ چھیل لے لیکن اگر ایک سیر سے کم یا زیادہ چھیلے گا تو تجھ کو سزا دونگا مدعی کر نہ سکا ناچار ہو کر معاف کر دیا ؞

اکتیسویں حکایت ۳۱

حکایت سی و یکم

ایک شخص نے ایک طوطی پالی اور اسکو فارسی کی زبان سکھائی طوطی ہر بات کے جواب میں کہتی تھی اس میں کیا شک ہے ایک دن وہ شخص طوطی کو بیچنے کے واسطے بازار میں لے گیا اور اسکی قیمت سو روپے ظاہر کی ایک مغل نے طوطی سے پوچھا کہ کیا تو سو روپیہ کے لائق ہے اس نے کہا اس میں کیا شک ہے مغل خوش ہوا اور طوطی کو خرید کر اپنے گھر لے گیا جو بات وہ طوطی سے کہتا تھا اس نے جواب میں اس میں کیا شک ہے پاتا تھا اپنے دل میں شرمندہ اور پشیمان ہوا اور کہا میں نے بیوقوفی کی کہ اس طوطی کو خریدا یکلم اس نے کہا اس میں کیا شک ہے مغل کو ہنسی آئی اور طوطی کو آزاد کر دیا ؞

بتیسویں حکایت

حکایت سی و دوم

ایک عقلمند ایک مسجد میں بیٹھتا تھا لوگوں میں وعظ کرتا تھا ایک شخص اس مجلس میں روتا تھا ایک دن عقلمند نے کہا کہ میری بات اس شخص کے دل میں بہت اثر کرتی ہے اس سبب سے روتا ہے دوسرے لوگوں نے اس شخص کو کہا کہ عقلمند کی بات ہمارے دل پر کچھ اثر نہیں کرتی تو کس طرح دل رکھتا ہے کہ روتا ہے اس نے کہا کہ عقلمند کی بات بات پر نہیں رو رہا ہوں بلکہ ایک بکرا پالا تھا میں اسکو بہت محبوب رکھتا تھا جب وہ بوڑھا ہو گیا مر گیا جب کبھی عقلمند بات کہتا ہے اور اس کی ڈاڑھی ہلاتی ہے تو مجھے اپنا بکرا یاد آتا ہے اسلئے کہ وہ بھی اس طرح لمبی داڑھی رکھتا تھا ؞

تینتیسوی حکایت

حکایت سی و سوم

ایک دن سکندر نے حاضرین مجلس میں کہا کہ کبھی کسی شخص کو محروم نہیں کیا میں کسی شخص نے مجھ سے
جو کچھ چاہا بخش دیا ہوں اسے ایک شخص نے اس وقت عرض کیا کہ اے بادشاہ مجھ کو ایک درہم
درکار ہے بخش دے سکندر نے کہا کہ کوئی حقیر چیز مانگنا بادشاہوں سے مانگنا بے ادبی ہے
اس شخص نے کہا کہ اگر بادشاہ کو ایک درہم دینے میں شرم آتی تو مجھ کو ایک ملک دیدے سکندر نے
کہا پہلا سوال کیا تو نے میرے مرتبہ سے کم تھا اور دوسرا سوال کیا تو نے اپنے مرتبہ سے زیادہ کیا
دونوں سوال بیکار گئے وہ شخص لاجواب ہوا اور شرمندہ ہوا ؛

چونتیسوی حکایت

حکایت سی و چہارم

ایک شخص نے اپنے نوکر کو کہا کہ اگر صبح صبح دو کوے ایک جگہ میں بیٹھے دیکھے تو مجھکو خبر کرنا کہ ان کو دیکھو میں
نیک فال پاتا ہوں میں تمام دن بہرا خوشی سے گذرے گا القصہ اس نوکر نے دو کوے کو ایک جگہ دیکھے اور اپنے مالک
کو خبر کی اس کا مالک جب باہر آیا ایک کوے کو دیکھا دوسرا کوا اڑ گیا تھا نوکر پر بہت غصہ ہوا اور اس کو کوڑے
مارنے لگا اسی وقت ایک دوست نے اسکے واسطے کھانا بھیجا نوکر نے عرض کیا اے بادشاہ تو نے ایک کوا دیکھا
کھانا پایا اگر دو کوے دیکھتا تو وہ پاتا جو میں نے پایا ؛

پینتیسوی حکایت

حکایت سی و پنجم

ایک شاعر ایک مالدار کے پاس گیا اور اس کی بڑی تعریف کی مالدار خوش ہوگیا اور کہا کہ
میرے پاس نقد نہیں لیکن غلہ بہت ہے اگر کل آئے تو دونگا میں شاعر اپنے گھر گیا اور صبح کے وقت
مالدار کے پاس پھر آیا مالدار نے پوچھا کیوں آیا ہے اس نے کہا کہ گذشتہ کل غلہ دینے کا وعدہ کیا تھا
تو اسی سبب سے پھر آیا ہوں مالدار نے کہا عجیب احمق ہے تو تو نے مجھکو بات سے خوش کیا
اور میں نے تجھکو خوش کیا اب کیوں غلہ دوں میں شاعر شرمندہ ہوا اور واپس آیا ؛

چھتیسوی حکایت

حکایت سی و ششم

ایک رات ایک (ایک کتاب میں) قاضی نے دیکھا کہ چھوٹا سر اور لمبی داڑھی رکھنے والا بیوقوف ہوتا ہے قاضی کا چھوٹا سر
اور لمبی داڑھی رکھتا تھا اپنے آپ سے کہا کہ سر کو بڑا کرنے کی طاقت تو نہیں رکھتا لیکن داڑھی کو چھوٹا بناؤنگا

قینچی تلاش کی نہیں پائی ناچار آدھی داڑھی کو ہاتھ میں پکڑ کر چراغ کے پاس گیا جب بال کو آگ نے پکڑا ایک شعلہ اس کے ہاتھ میں پہنچا داڑھی کو چھوڑ دیا اسکی تمام داڑھی جل گئی قاضی بہت شرمندہ ہوا اس سبب سے جو کچھ کتاب میں تھا ثابت ہو گیا۔ ؏

سینتسویں حکایت — حکایت سی و ہفتم

دو مصور نے آپس میں کہا کہ ہم دونوں شخص تصویر کھینچے اور دیکھتے ہیں کون اچھی کھینچتا ہے ایک مصور نے انگور کا گچھہ نقش کیا اور اسکو دروازے پر لٹکا دیا پرندے آئے اور اس پر چونچ مارنے لگے لوگوں نے اس تصویر کو بہت پسند کیا اور دوسرے مصور کے گھر گئے اور پوچھا تو نے کیا تصویر کھینچی اس نے کہا اس پردے کے پیچھے پہلے مصور نے پردہ اٹھانا چاہا جب ہاتھ پردے پر رکھا معلوم ہوا پردہ نہیں بلکہ دیوار ہے کہ اس پر تصویر کھینچی ہے دوسرے مصور نے کہا کہ اس نے تصویر کھینچی کہ پرندے دھوکا کھا گئے اور میں نے ایسی تصویر کھینچی کہ مصور دھوکا کھا گئے ؏

اڑتیسویں حکایت — حکایت سی و ہشتم

ایک دن ایک ظالم بادشاہ تنہا شہر سے باہر گیا اور ایک شخص کو درخت کے نیچے بیٹھا دیکھا پوچھا کہ اس ملک کا بادشاہ کس طرح ہے ظالم یا عادل اس نے کہا بہت ظالم ہے بادشاہ نے کہا مجھکو پہچانتا ہے اس نے کہا نہیں اس نے کہا یعنی بادشاہ نے کہا میں اس ملک کا بادشاہ ہوں وہ مرد ڈرا اور پوچھا مجھکو جانتا ہے بادشاہ نے کہا نہیں اس نے کہا کہ میں فلاں سوداگر کا لڑکا ہوں ہر مہینے تین دن پاگل ہوتا ہوں آج ان تین میں سے ایک دن ہے بادشاہ ہنسا اور اسکو کچھ نہیں کہا۔ ؏

انتالیسویں حکایت — حکایت سی و نہم

حضرت موسیٰ علیہ السلام نے دعا کی کہ اللہ کیا اچھا ہوتا اگر چار چیزیں ہوتی اور چار چیزیں نہ ہوتی زندگی ہوتی اور موت نہ ہوتی جنت ہوتی اور دوزخ نہ ہوتی مالداری ہوتی اور فقیری نہ ہوتی تندرستی ہوتی اور بیماری نہ ہوتی آواز آئی کہ اے موسیٰؑ اگر زندگی ہوتی موت نہ ہوتی تو ہماری ملاقات سے کون مشتاق ہوتا اگر جنت ہوتی اور دوزخ نہ ہوتی تو ہمارے عذاب سے کون ڈرتا اگر مالداری ہوتی اور فقیری نہ ہوتی تو ہماری نعمت کا شکر کون کرتا اور اگر تندرستی ہوتی اور بیماری نہ ہوتی تو ہمیں کون یاد کرتا۔ ؏

حکایت چہلم — چالیسویں حکایت

ایک دیہاتی ایک گدھا رکھتا تھا بے خرچی کے سبب گدھے کو چرنے کے واسطے ایک باغ میں چھوڑ دیتا تھا باغ کے لوگ گدھے کو مارتے اور کھیتی سے باہر کرتے ایک دن دیہاتی نے شیر کی کھال کو گدھے کے اوپر باندھا رات کے وقت چرنے کے واسطے بھیج دیتا پھر وہ گدھا ہر رات شیر کی کھال کے ساتھ باغ میں جاتا جو شخص رات میں اسکو دیکھتا یقین جانتا کہ یہ شیر ہے ایک رات باغبان نے اسکو دیکھا اور خوف سے وہ ایک درخت کے اوپر چڑھ گیا اسی درمیان میں دوسرا گدھا جو اسکے نزدیک تھا آواز کی اور دیہاتی کا گدھا بھی آواز کے ساتھ آیا اور گدھوں کی طرح آواز لگانی شروع کی باغبان نے اسکو پہچان لیا اور جان لیا کہ یہ گدھا ہے درخت سے نیچے آیا اور گدھے کو بہت لات مار کر باہر کر دیا

حکایت چہلم و یکم — اکتالیسویں حکایت

کہتے ہیں کہ حضرت یوسف علیہ السلام قحط کے سالوں میں مصر کا بادشاہ تھے ہر روز صرف ایک دفعہ کھانا کھاتے تھے لوگوں نے اس حال کا جواب نہیں دیا اس کے بعد بہت اصرار کیا کہا ایک مرض پوشیدہ رکھا ہوا ہے میں حکیم نے کہا تم مرض کی وضاحت فرماؤ تاکہ علاج میں مشغول ہو جائیں ہم کہا تھا قحط کے سال ہوتے ہیں کہ انسان کی بھوک زیادہ ہوتی ہیں اور مصر کی رعایا کا لگام میرے قدرت کے ہاتھ میں دیا ہیں اور اس صورت میں میرے دل میں ایک آرزو ہے اسکو بھوک کی وجہ سے سیر کروں میں اور نہیں کیا میں نے لوگوں نے کہا یہ سب مشقت کیوں اٹھاتے ہو حضرت یوسف نے کہا بھوکوں اور محتاجوں کی موافقت کرتا ہوں اور ڈرتا ہوں کہ ایک شخص ایک رات میں مصر کی ولایت میں بھوکا ہوگا اور اس رات میں میں سیر ہونگا میری قیامت گرفتاری ہوگی

حکایت چہلم و دوم — بیالیسویں حکایت

کہتے ہیں کہ ایک آقا خدا سے ڈرنے والا غلام رکھتا تھا اچانک آقا بیمار ہو گیا اس نے خدا سے عہد کیا کہ اگر اس بیماری سے شفا پاؤں میں تو اس غلام کو آزاد کر دونگا۔ اللہ تعالیٰ اسکو شفا دی آقا کا دل غلام میں بندھا ہوا تھا اسکو آزاد نہ کیا اور دوبارہ بیمار ہو گیا غلام کو کہا کہ جا حکیم کو لا تاکہ میرا علاج کرے غلام باہر گیا اور داخل ہوا آقا نے کہا حکیم کہاں ہے اس نے کہا کہ حکیم کہہ رہا ہے کہ وہ میری مخالفت کرتا ہے اور جو وہ کہتا ہے پورا نہیں کرتا اس کا علاج نہیں کرتا میں آقا خبردار ہوا کہا اے غلام حکیم کو کہہ مخالفت باز آ گیا میں اور عہد توڑنے سے توبہ کی میں نے پھر غلام نے کہا اے آقا حکیم کہتا ہے کہ اگر تو یہ صفت سامنے لائے تو ہم بھی شفا کا شربت سستا رکھتے آقا نے غلام کو آزاد کیا اور فوراً شفا پائی ۔

تینتالیسویں حکایت

حکایت چہلم و سوم

ایک سپاہی حاکم کے پاس اپنا وظیفہ لینے کے لئے گیا اور دستار بہتر اپنے ساتھ رکھتا تھا حاکم کو دکھلایا خزانہ نوکری سے خالی تھا وزیر نے کچھ سوچا اور کہا تیرا دستار پیر پرانے گانے کی طرح معلوم ہوتا ہے بجز دسترے لائق نہیں ہے سپاہی غصہ ہو کر اٹھا اور بادشاہ کے حضور میں گیا اور بکمال دلیری اور بہادری کے ساتھ جو دستار بادشاہی مہر سے رونق لئے ہوئے تھا نظر کے سامنے کیا اور گانے والوں کی طرح نرم آواز کیفیت کے ساتھ گانا شروع کیا اور سر خود بخود ہلانا جب بادشاہ کی نظر اس سپاہی پر پڑی پوچھا کہ کیا کرتا ہے اور کیا چاہتا ہے سپاہی نے کہا میں وظیفہ لینے کے لئے گیا تھا اور دستار بہتر کو دکھایا وزیر نے کہا کہ تیرا دستار پیر پرانے گانے کی طرح معلوم ہوتا ہے اب میں جانچ کر رہا ہوں کون سا ترانہ موافق ہوتا ہے بادشاہ نے اس کا وظیفہ پسند کیا اور بے حد نعمت بخشی ۔

چوالیسویں حکایت

حکایت چہلم و چہارم

دو شخص نے اپنا مال ایک بوڑھی عورت کے سپرد کیا اور کہا جب کبھی ہم دونوں شخص آئیں گے تو لیں گے چند دن بعد ان میں ایک شخص بوڑھی عورت کے پاس گیا آیا اور کہا کہ میرا ساتھی مر گیا اب اسکا مال مجھکو دے بوڑھی عورت مجبور ہو گئی اور چند منٹ بعد دوسرا شخص آیا اور مال مانگا بوڑھی عورت نے کہا کہ تیرا ساتھی آیا تھا اور مجھکو مردہ ظاہر کیا خوب کوشش کی میں نے لیکن میری بات نہیں مانی اور تمام مال لے گیا وہ شخص عورت کو قاضی کے پاس لے گیا اور انصاف چاہا قاضی نے غور و فکر کے بعد معلوم کر لیا کہ عورت بے قصور ہے فرمایا کہ پہلے تونے شرط لگائی تھی جب کبھی ہم دونوں ساتھی آئیں گے مال لیں گے تو اپنے ساتھی کو لا اور مال لے تنہا کس طرح پائے گا مرد لاجواب ہوا اور اپنا راستہ اختیار کیا ۔

پینتالیسویں حکایت

حکایت چہلم و پنجم

ایک فقیر ایک سبزی فروش کی دکان پر گیا اور خریدنے میں جلدی کی سبزی فروش نے غصہ کر کے گالی دی فقیر نے ایک جوتا سبزی فروش کے سر مارا سبزی فروش کوتوال کے پاس گیا اور اسکی شکایت کی کوتوال نے فقیر کو بلایا پوچھا کہ تونے سبزی فروش کو کیوں مارا فقیر نے کہا سبزی فروش نے مجھکو گالی دی کوتوال نے کہا اے فقیر تونے بڑی غلطی کی لیکن فقیر ہے تو اسی سبب سے تجھکو سزا نہیں کرتا بس جا آٹھ آنے بطور جرمانہ دے اسلئے کہ تیری غلطی کی سزا یہی ہے فقیر نے ایک روپیہ اپنی جیب سے نکالا اور کوتوال کے ہاتھ میں دیا اور ایک جوتا کوتوال کے سر پر مارا اور کہا اگر یہی انصاف ہے تو آٹھ آنے تم لے اور آٹھ آنے فقیر کو دے ۔

چھیالیسوی حکایت — حکایت چہل و ششم

ایک بادشاہ نے ایک دشمن پر فوج بھیجی اس فوج نے شکست پائی ایک شخص نے جلد بادشاہ کے پاس آکر خبر پہنچائی کہ تمہاری فوج نے فتح پائی بادشاہ بہت خوش ہوا اور دو دن بعد شکست کی خبر پہنچی بادشاہ نے اس شخص پر سزا کرنی چاہی عرض کیا کہ اے بادشاہ سزا کے لائق نہیں ہوں میں اسلئے کہ دو دن تجھ کو خوش کیا ہیں تو کیوں تم کو ناخوش کرتا ہے بادشاہ نے اس لطیفہ کو پسند کیا اور اسکو انعام دیا۔

سینتالیسوی حکایت — حکایت چہل و ہفتم

ایک بخیل نے ایک دوست کو کہا کہ ایک ہزار روپیہ میرے پاس ہیں میں چاہتا ہوں ان روپیہ کو شہر سے باہر جاکر دفن کروں اور تیرے سوا کسی شخص کو یہ راز نہ کہنا الغرض دونوں شخص شہر کے باہر گئے ایک درخت کے نیچے مذکور نقد کو دفن کیا چند دن بعد بخیل تنہا اس درخت کے نیچے گیا اور نقد کا کچھ نشان نہ پایا اپنے سے کہا کہ سوائے اس دوست کے کوئی شخص نہیں لے گیا لیکن اگر میں اس سے پوچھوں گا ہرگز اقرار نہیں کرے گا پس اس کے گھر میں گیا اور کہا بہت نقد میرے ہاتھ میں آئے ہیں میں چاہتا ہوں کہ اسی جگہ رکھ دوں میں اگر کل آئے تو دونوں ساتھ چلیں مذکور دوست نے بہت نقد کے لالچ میں اس نقد کو پھر اسی جگہ رکھ دیا اور دوسرے دن بخیل تنہا اس جگہ گیا اپنی نقد پائی اور اپنی عقلمندی کو پسند کیا اور پھر دوستوں کی دوستی پر بھروسہ نہ کیا۔

اڑتالیسوی حکایت — حکایت چہل و ہشتم

ایک شخص بھوکا مارا رہا تھا دیہاتی کو دیکھا کہ دریا کے کنارہ پر کھانا کھا رہا ہے اسکے پاس گیا اور کہا تیرے گھر کی طرف سے آرہا ہوں میں دیہاتی نے پوچھا کہ میری عورت اور لڑکا اور اونٹ سب خیریت سے ہیں اس نے کہا ہاں دیہاتی کو اطمینان ہو گیا اور پھر اس شخص کی طرف نظر نہ کی اس نے کہنا شروع کیا کہ اے دیہاتی یہ کتا جو اب تیرے پاس آ بیٹھا ہے اگر تیرا کتا زندہ ہوتا تو اس طرح ہوتا دیہاتی نے سر اٹھایا اور کہا مرا کتا کس طرح میں سے مر گیا اس نے کہا تیرے اونٹ کا گوشت بہت کھایا پوچھا کہ اونٹ کس طرح مر گیا اس نے کہا کہ تیری بیوی مر گئی اس سبب کسی شخص نے اسکو گھاس اور دانہ پانی نہیں دیا پوچھا بیوی کس طرح مر گئی اس نے کہا کہ تیرے بیٹے کے غم میں بہت روتی اور پتھر کو سر اور اپنے سینہ پر مارا پوچھا بیٹا کس طرح مر گیا اس نے کہا گھر اسکے اوپر گر گیا دیہاتی نے جب خانہ خرابی کے یہ احوال سنے

مٹی کو اپنے سر پر ڈالا اور کھانے کو اسی جگہ چھوڑا اور اپنے گھر کی طرف روانہ ہوا اس شخص نے
اس حکمت سے کھانا پایا۔ ❊

انتالیسویں حکایت — حکایت جہل و وہم

تاجر لوگ بادشاہ کے پاس گئے اور گھوڑوں کو اس کے سامنے پیش کیا بادشاہ کو بہت پسند آئے اور خرید لئے اور ایک لاکھ روپیے قیمت سے زیادہ تاجر لوگوں کو دیئے اور فرمایا کہ اپنے ملک سے پھر گھوڑوں کو لانا تاجر لوگ رخصت ہو گئے ایک دن بادشاہ نے خوشی اور مستی کی حالت میں وزیر کو کہا کہ تمام بیوقوفوں کے نام لکھو وزیر نے عرض کیا کہ اس سے پہلے لکھ چکا ہوں میں اور ناموں میں پہلا نام حضرت کا ہے پوچھا کیوں اس نے کہا تاجر لوگوں کو ایک لاکھ روپیے گھوڑے لانے کے واسطے بے ضمانت اور بغیر انکے گھر کی اطلاع کے عنایت ہوئے بیوقوفی کی علامت ہے بادشاہ نے کہا اگر تاجر لوگ گھوڑے لے آئیں تو کیا کرنا چاہیئے اس نے کہا اگر لے آئیں تو حضرت کا نام بیوقوفوں کے رجسٹر سے مٹا دوں گا اور تاجر لوگوں کا نام اس جگہ لکھ دونگا۔ ❊

پچاسویں حکایت — حکایت پنجاہم

ایک شخص نے بہت مال صراف کو سونپا اور سفر میں چلا گیا جب واپس آیا تقاضا کیا صراف نے انکار کیا اور قسم کھائی کہ تجھکو کچھ نہیں سونپا وہ شخص قاضی کے پاس گیا اور اپنے احوال کہے قاضی نے غور و فکر کر کے فرمایا کسی شخص کو مت کہنا کہ فلاں شخص میرا مال نہیں دے رہا ہے تیرے مال کے واسطے کوئی تدبیر کرونگا میں قاضی نے اس صراف کو بلایا اور کہا بہت کام میرے پاس آتے ہیں اکیلا کرنے کی طاقت نہیں رکھتا میں تجھکو اپنا قائم مقام بنانا چاہتا ہوں اس لئے کہ تو دیندار ہے صراف نے قبول کیا اور بہت خوش ہوا جب گھر میں گیا تو قاضی نے اس شخص کو بلایا اور کہا اب اپنا مال صراف سے مانگ ضرور دیگا بعد کو شخص صراف کے پاس گیا صراف نے جب اس کا چہرہ دیکھا کہا آئیے آئیے اچھا آیا تو تیرا مال بھول گیا تھا میں گزشتہ شب یاد آیا مجھکو القصہ مال اسکا دیا اور قائم مقام کے لالچ سے قاضی کے پاس گیا قاضی نے کہا آج بادشاہ کے پاس گیا تھا میں میں سنا ہے کہ تجھکو بڑا کام سونپا جاتا ہے خدا کا شکر کر کہ بڑا رتبہ پائے گا اب اپنے واسطے دوسرا قائم مقام تلاش کرونگا میں القصہ قاضی نے اسکو اس تدبیر سے رخصت کیا۔ ❊

حکایت پنجاہ و یکم

اکیاونوی حکایت

ایک دن ایک بادشاہ وزیر کے ساتھ سیر کے واسطے گیا ایک کھیت میں پہنچا اور گیہوں کے درخت آدمی کے قد سے زیادہ لمبے دیکھے بادشاہ متعجب ہوا اور کہا ایسے لمبے گیہوں کے درخت کبھی نہیں دیکھے میں نے وزیر نے عرض کیا کہ اے آقا میرے وطن میں گیہوں کے درخت ہاتھی کے قد کی طرح بلند ہوتے ہیں بادشاہ نے مسکراہٹ ظاہر کی وزیر نے اپنے سے کہا کہ بادشاہ نے میری بات جھوٹ جانی اسی سبب سے مسکرائے جب سیر سے واپس آئے اپنے وطن کے لوگوں کو چند گیہوں کے درختوں کے واسطے خط بھیجا جب تک خط اس جگہ پہنچا گیہوں کی فصل گزر چکی تھی القصہ ایک سال بعد گیہوں کے درخت اس جگہ پہنچے وزیر بادشاہ کے پاس لے گیا بادشاہ نے پوچھا کیوں لایا ہے عرض کیا کہ گزشتہ سال عرض کیا تھا میں نے کہ گیہوں کے درخت ہاتھی کے قد کی طرح لمبے ہوتے ہیں حضور مسکرائے تھے میں نے اپنے سے کہا تھا کہ میری بات جھوٹ جانی اپنی بات کی تصدیق کے واسطے لایا ہوں میں بادشاہ نے کہا کہ اب یقین کر لیا میں نے لیکن ہرگز کسی شخص کے سامنے ایسی بات مت کہنا کہ ایک سال بعد یقین کرے ۞

باونوی حکایت

حکایت پنجاہ و دوم

ایک سوار ایک شہر میں گیا سنا کہ اس جگہ چور بہت ہیں رات کے وقت سائیس کو کہا کہ تو سو جا میں بیدار رہوں گا اس لئے کہ مجھ کو تیرے اوپر بھروسہ نہیں ہے سائیس نے کہا اے آقا یہ کیا بات ہے مجھے پسند نہیں کہ میں سو جاؤں اور صاحب بیدار رہے ہرگز ایسا نہ کروں گا میں الغرض اسکا صاحب سو گیا اور ایک پہر بعد بیدار ہوا سائیس کو کہا کیا کر رہا ہے اس نے کہا میں فکر میں ہوں کہ خدا نے زمین کو پانی پر کس طرح بچھایا اس نے کہا کہ میں ڈرتا ہوں کہ چور آئے اور تجھ کو خبر نہ ہو اس نے کہا اے آقا مطمئن رہو تم خبردار ہوں میں سوار پھر سو گیا اور آدھی رات میں بیدار ہوا اور پوچھا اے سائیس کیا کر رہا ہے اس نے کہا میں فکر میں ہوں کہ خدا نے کس طرح آسمان کو بغیر ستون کھڑا کیا اس نے کہا میں تیری فکر میں ڈرتا ہوں کہ ایسا نہ ہو کہ چور آئے اور گھوڑے کو لے جائیں اگر تو سونا چاہتا ہے تو سو جا میں بیدار رہوں گا اس نے کہا مجھ کو نیند نہیں آرہی ہے سوار سو گیا اور جب رات کا کچھ حصہ باقی رہا بیدار ہوا سائیس کو پوچھا کیا کر رہا ہے اس نے کہا میں فکر میں ہوں کہ گھوڑے کو چور لے گئے ہیں کل زین کو میں سر پر رکھوں گا یا صاحب۔ ۞

حکایت پنجاہ و سوم — ترپنوی حکایت

ایک عقلمند نے ہزار روپیہ ایک عطر فروش کو سونپے اور سفر میں چلا گیا مدت کے بعد سفر سے واپس آیا اور اپنے روپیہ عطر فروش سے مانگے عطر فروش نے کہا جھوٹ کہہ رہا ہے مجھکو نہ سونپے تو نے دانشمند اس سے چمٹ گیا لوگ جمع ہو گئے اور دانشمند کو جھٹلایا اور کہا یہ عطر فروش بہت دیانتدار ہے کبھی خیانت نہیں کرتا اگر اس سے جھگڑا کرے گا سزا پائے گا عقلمند مجبور ہوا اور ایک کاغذ پر احوال لکھے اور بادشاہ کو دکھلایا بادشاہ نے فرمایا جا عطر فروش کی دکان کے پاس تین دن بیٹھ اور اسکو کچھ مت کہنا چوتھے دن اس طرف آؤنگا میں تجھکو سلام کروں گا سلام کے جواب کے سوا مجھ سے کچھ مت کہنا جب اس جگہ سے چلا جاؤں میں اپنے نقد عطر فروش سے مانگنا جو کچھ وہ کہے مجھکو خبر کر عقلمند بادشاہ کے حکم کے موافق عطر فروش کی دکان پر بیٹھا چوتھے دن بادشاہ بہت سے لشکر کے ساتھ اس طرف گیا جب عقلمند کو دیکھا گھوڑے کو کھڑا کیا اور عقلمند کو سلام کیا عقلمند نے سلام کا جواب دیا بادشاہ نے فرمایا اے بھائی کبھی میرے پاس نہیں آتا اور کچھ اپنے احوال مجھ سے نہیں کہتا عقلمند نے تھوڑا اسپر بلایا اور دوسرا کچھ نہ کہا عطر فروش نے یہ سب دیکھا اور ڈر رہا تھا جب بادشاہ گیا عطر فروش نے دانشمند کو کہا کہ جب کبھی مجھکو نقد سونپا تو نے کہا تھا میں اور کون شخص میرے پاس حاضر تھا پھر کہہ شاید بھول گیا ہوں میں عقلمند نے تمام احوال پھر کہے عطر فروش نے کہا سچ کہتا ہے تو اب مجھکو یاد آیا القصہ ہزار روپیہ عقلمند کو دیئے اور بہت عذر دکھلایا ۔

حکایت پنجاہ و چہارم — چونوی حکایت

ایک نادان حلیم اپنے کو سب سے افضل جانتا تھا ایک بار ایک محفل زبان کھول کر اپنی تعریفیں کر رہا تھا اور کہا جو کچھ کڑوا ہے گرم ہے ایک ماہر حکیم اس مجلس میں حاضر تھا اس نے کہا جو شخص بے ہنر ہر بات زبان پر لاتا ہے اپنے کو بربادی کی جگہ میں داخل کرتا ہے اسلئے کہ مرچی خاصیتا سردی کے دنوں میں تیرے گمان خلاف ہے ۔

حکایت پنجاہ و پنجم — پچپن وی حکایت

کہتے ہیں کہ جب کبھی شاہ محمد نے مدینہ ملتان اور ایران کو سیر کیا اور اپنے تصرف میں داخل کیا اور مغرب کے ملک کا ارادہ بحر ترمت سے بخشند کر رکھا تھا فاسد کیا ایک عورت اسکے پاس حاضر ہوئی اور کہا کہ ایران کے ضلع عراق میں میرے بیٹے کو ڈاکوؤں نے مار ڈالا اور اس کا مال لوٹ لے گئے بادشاہ

نے کہا ملک سے دور ہے کس طرح انصاف دلایا جائے عورت نے کہا بادشاہ اس دور دراز ملک کے ذمہ دار کس طرح ہو گئے بادشاہ ہنسا اور مظلومہ کے انصاف کو پہنچا۔ ❁

چھپن وی حکایت — حکایت پنجاہ و ششم

کہتے ہیں کہ شہر فلاندرس میں ایک معمار ایک دیوار کے اوپر سے ایک آدمی کے سر پر گرا بیچارہ اسی وقت جان دے گیا اور معمار عافیت سے رہا اور اسکے وارثوں نے اس کے دامن میں جھنگل مارا اور دعوی کا دعوی حاکم کے پاس لے گئے فرمایا کہ خون کا بدلہ لیں اسلئے کہ موت سے پہلے نہیں مرتے راوی نے بے فائدہ کوشش کی حاکم نے مان لیا کہ جہالت کو جہالت کے سوا نہیں توڑا جا سکتا اور نوحے کو نوحے کے سوا ختم نہیں کیا جا سکتا اسکے کہا وارثوں میں سے ایک کوٹھے پر آئے اور اس شخص کے سر پر گرے تاکہ وہ مر جائے اور قصہ قرار پائے مدعی عاجز ہوئے اور دعوی سے ہونٹ بند کر لئے اور اس خون کے خیال سے دست بردار ہوئے۔ ❁

ستاون وی حکایت — حکایت پنجاہ و ہفتم

حلب کو بادشاہ کو ایک ضرورت پیش آئی کہ اس کا خود جانا ضروری پڑ گیا جیسے ہی اپنے شہر سے باہر باہر گیا ایک بوڑھی عورت اسکے راستے کی آڑ ہو گئی اور کہا خدا کے لئے تھوڑی دیر ٹھہر جا اور اس ظلم و ستم میں ڈوبی ہوئی کو بے انصافی اور ظلم کے بھنور سے نجات کے کنارے پہنچا۔ بادشاہ نے کہا تھوڑی دیر صبر کر اسلئے کہ کم فرصتی مشغولیت کے معنی ہیں عورت نے کہا اگر تو ضعیفوں کے بوجھ اٹھانے کی طاقت نہیں رکھتا اپنے کو بادشاہ کیوں شمار کرتا ہے بادشاہ کو اس کا لطیفہ پسند آیا اور اس کے عذر میں پہنچا اور ظلم سے نجات بخشی۔ بیت۔

جن بادشاہوں نے خدا کا راستہ دیکھا ہے ❁ گھاس کاٹنے کا راستہ کے اوپر سے چن لیا۔ ❁

اٹھاون وی حکایت — حکایت پنجاہ و ہشتم

ایک بیوقوف نے بہت سا مال پایا اور مجھے خیال میں ایسا تصور کیا کہ ساٹھ سال سے زیادہ نہ جیوں گا پس بہتر یہی ہے کہ اپنی نقد کو صرف کر دوں اسلئے کہ میرے بعد بے کار رہ جائے گا

اور میں عمر بھر افسوس کروں گا الغرض تھوڑے وقت میں اس نوکر کو برباد کر دیا اسکی عمر ساٹھ سے زیادہ گزری گلی در گلی فقیری اختیار کی اور کہتا تھا اے نیک لوگوں میرا مال کچھ خیال کے سبب سے ہاتھ سے چلا گیا خدا کے واسطے کوئی چیز مجھکو دو اور میرا ہاتھ پکڑو۔ ؕ

انسٹھ وی حکایت — حکایت پنجاہ و نہم

ایک کشتی چلانے والے نے ایک کو بندوق سے مار ڈالا اسکے (مقتول کے) وارثوں نے اس کی کمر پر ہاتھ مارا اور چین کے بادشاہ کے پاس لے گئے ایک وکیل نے گواہوں میں سے ایک سے پوچھا تو مدعی کا گواہ ہے یا مدعا علیہ کا اس نے کہا اسکے معنی نہیں جانتا لیکن جس شخص نے اسکو قتل کیا ہے اسکو پہچانتا ہوں اور اسکا گواہ ہوں وکیل نے کہا تو عجیب شخص ہے ابھی مدعی اور مدعا علیہ کو نہیں جانتا اور اسکی گواہی دیتا ہے پھر پوچھا کہ تیرا جہاز کونسی سمت تھا اس نے کہا پس بنگال میں وکیل نے کہا پس بنگال کونسی سمت کو کہتے ہیں ملاح نے کہا صاحب عجیب شخص ہے کہ ابھی پس بنگال سے واقف نہیں ہے اور سوال کرتا ہے۔ ؕ

ساٹھ وی حکایت — حکایت شصتم

ایک دیہاتی ہر روز پانچ روٹی خریدتا تھا ایک روز ایک شخص نے پوچھا کہ ہر دن پانچ روٹی خریدتا ہے آپ کھاتا ہے یا پھینکتا ہے اسنے کہا ایک پھینکتا ہوں اور ایک سے قرض کی ادائیگی کرتا ہوں اور ایک رکھتا ہوں اور دو قرض میں دیتا ہوں سوال کرنے والا ان مسائل سے تعجب میں رہ گیا اور کہا کہ اس پہیلی کے کیا معنی ہوں گے دیہاتی نے کہا وہ جو میں رکھتا ہوں خود کھاتا ہوں اور وہ جو میں پھینکتا ہوں ساس کو دیتا ہوں اور وہ جس سے قرض ادا کرتا ہوں باپ کو دیتا ہوں اسلئے بچپن میں ہم کو بھی قرض دیا تھا اور وہ جو قرض میں دیتا ہوں وہ لڑکوں کو عطا کرتا ہوں اسلئے کہ بڑھاپے میں کام آئیں گے۔ ؕ

اکسٹھ ویں حکایت — حکایت شصت و یکم

ایک تاجر اسپین سے ام بکر کے اطراف میں پہنچا بادشاہ کے متعلقین میں سے ایک شخص اسکے تمام مال کو لوٹ لے گیا تاجر نے خوب آہ و نالہ کی کچھ فائدہ نہ بخشا دنیا سے گھومنے والا ناچیز ہوگیا یہی کانٹوں بھری جھاڑیوں میں اقامت کی تاکہ ممکن ہو کہ کوئی شخص اس کی فریاد کو پہنچے اور اسکا انصاف دے ایک مدت کے بعد اس بیابان کا بادشاہ ایک وقت اس کے سر پر سے گزر گیا یعنی اس کے پاس گزرا مظلوم نے گستاخانہ اور دلیرانہ اس کے گھوڑے کی لگام پکڑ لی اور فریاد نکالی کہ اس نامراد کو انصاف دے تیرے آنے کے انتظار میں ایک عمر بسر کر رہا ہوں اور تیری خبر تلاش کرتا ہوں بادشاہ اس تباہ حال کی بے باکانہ پر متغیر ہوا اور پوچھا تجھکو کس طرح پہچانا تونے اور میرے نام کا ترجمہ کس طرح ڈالا کہ میں ہی اس ملک کا ذمہ دار اور بادشاہ ہوں انصاف چاہنے والے نے کہا انجمن کے شمع دان پروانوں کی بھیڑ کی زیادتی اندھیرا نہیں کرتی اور رات میں چمکنے والے چاند کا چہرہ ستارہ اور سیاروں کی بھیڑ کی زیادتی سے بے روشنی نہیں رہتے ۔

باسٹھ ویں حکایت — حکایت شصت و دوم

ایک آدمی کے سر میں مستی کی تمنا آئی شراب بیچنے والے کی دکان پر گیا اور شراب کا ایک پیالہ مانگا شراب بیچنے والا سخت مزاج اور بداخلاق تھا شراب کا بھرا ہوا پیالہ دکھایا اور آدھا زمین پر گرایا اور باقی ماندہ اسی آدمی کو دیا اور ایک سخت بات کہی وہ شخص نیک نہادی اور بردباری کو سامنے لایا اور اسکی گستاخی کو برداشت کیا اور غصہ کو پی کر (مشفقانہ) مہربانی سے پوچھا اے عزیز کیوں ایسا کیا تو نے اور شراب بکھیری اس نے کہا بیوقوف تو نہیں جانتا کہ یہ نیک بختی کی فال ہے اور نصیبہ وری کی پونجی ہے اب اس جگہ سے فائدہ پائے گا۔ اور قدرت کی سجاوٹ دیکھیگا تو شریف آدمی اس عجیب واقعات سے بہت متعجب ہوا پھر بھی بردباری اختیار کی اور اسکو کچھ نقصان نہیں پہنچایا اور ایک درہم اسکے ہاتھ میں دیا کہ تھوڑا پنیر لا شراب بیچنے والا گھر کے اندر گیا بردبار جوان نے شراب کا مٹکا ٹیڑھا کیا اور شراب کو زمین پر پھینکا شراب بیچنے والا جب واپس آیا اور حال اس طریقہ پر دیکھا سخت غصہ ہوا اور ہاتھ اسکے گریبان میں ڈالا اور نقصان کا بدلہ مانگا اس مرد نے کہا تو نے کہا تھا کہ شراب بکھیرنا نیک فال ہے اب کیوں غصہ ہوتا ہے ۔

نصائح

نصیحت اوّل

علم تمام دولت سے افضل ہے علم عزت اور دولت کا سبب ہے کسی شئی کا جاننا نہ جاننے سے بہتر ہے حسب و نسب بغیر علم کے ادھورا ہے عالم جس جگہ جاتا ہے لوگ اسکی عزت اور احترام کرتے ہیں بڑائی کی پونجی عقل و ادب ہے نہ کہ اصل و نسب آدمی کو نسب ہنر کے ذریعے درست کرنا چاہیئے نہ کہ باپ کے ذریعے بغیر عمل کے علم بغیر شہد کے موم کی طرح کوئی عزت نہیں رکھتا جو کچھ تو نہیں جانتا اسکے پوچھنے میں شرم مت کر۔

نصیحت دوم

اولاد آدم کی بہترین پونجی ادب ہے بہترین تحفہ نصیحت ہے عیب دیکھکر نصیحت کرنا محبت کی علامت میں سے ہے دوستوں پر نصیحت فرمائی ہوگی اور نیک بختوں کو نصیحت سنی جو شخص بزرگوں کی نصیحت نہیں سنتا اپنی ہلاکت میں کوشش کرتا ہے۔

نصیحت سوم

نرمی اور ملائمی اتحاد اور محبت کا سبب ہے تواضع تمام شخص سے مناسب دیکھتی ہے اور مالداروں سے زیادہ مناسب شکر ادا کرنا نعمت کی زیادتی کا سبب ہے جس شخص نے صبر اختیار کیا جلد مقصد تک پہنچ گیا جس شخص نے اپنا کام خدا کو سونپا دل کا چاہا تقدیر کے موافق بنا لیا دشمن کے ساتھ نرمی اچھی ہے درد والا علاج تک پہنچ جاتا ہے۔

نصیحت چہارم

صحبت کا اثر کرنا لازم ہے کتاب کا ساتھ رہنا سب سے بہتر ہے نادان کی صحبت سے جنگل زیادہ اچھا ہے نیکوں کی صحبت میں بیٹھ بروں کی صحبت سے بچ جاہلوں کی صحبت سے پرہیز کر اسلئے کہ جاہلوں کی صحبت وبالِ جان ہے نیکوں کی صحبت بے حد فائدہ ہے بروں کی صحبت کا بے حد نقصان ہے بروں کی صحبت جلد اثر کرتی ہے اور اس کا نقصان تھوڑے وقت میں ظہور تک پہنچ جاتا ہے جو شخص بروں کے ساتھ بیٹھتا ہے وہ نیکی نہیں دیکھتا۔

نصیحت پنجم

سچ بولنے کی عادت بنالے سچے کے لئے دوست بہت ہیں۔ **مصرع**۔ سچائی خدا کی خوشنودی کا سبب ہے۔ سچے کو کبھی نقصان نہیں پہنچتا ہر وہ غلطی جو کرے تو اقرار کرا انکار کرنے والا مت ہو دیانتدار لوگ سب کے نزدیک محبوب ہے خیانت کرنے والا تمام احوال میں مردود ہے اور خدا کی مخلوق اس سے ناراض ہے۔ ؞

نصیحت ششم

جھوٹ بولنے والا ہمیشہ ذلیل و خوار ہے جو شخص جھوٹ بولنے کے ساتھ مشہور ہو گیا اگر سچ بھی بولتا ہے لوگ اسکا بھروسہ نہیں کرتے خوشحالی میں ہر شخص دوست ہوتا ہے اور تنگدستی میں دوستی کا امتحان ہے وقت ایسی چیز ہے جو بہت کمیاب ہے جب چلا جاتا ہے واپس نہیں آتا کاموں میں جلدی نہیں کرنی چاہئے جو کام کہ کرے تو دوستوں کے مشورے سے کر اگر غیب کی تحقیق کے بغیر کسی شخص کا اعتبار کریگا تو پشیمان رہ جاتا ہے بغیر سوچے کام نہیں کرنا چاہئے اور کھانا پینے کے واسطے وقت کا متعین ہونا ضروری ہے ؞

نصیحت ہفتم

کلام کے اوقات میں بات کرنا عیب ہے جو کام کہ کرے تو دل کی حاضری کے ساتھ کرنا چاہئے بے فائدہ بات کر عیب ہے بے ہودہ بات سے خاموشی زیادہ اچھی ہے بری سوچ عقل کو تباہ کر دیتی ہے بری بات زبان کو خراب کر دیتی ہے قسم کھانا عیب ہے ماں باپ کی اطاعت واجب ہے بزرگوں کی بات پر عمل کرنا ضروری ہے عیب ڈھونڈنا بھی عیب ہے اپنا نفع اور دوسروں کا نقصان چاہنا بیوقوفی ہے کسی شخص کی تکلیف کے پیچھے نہیں ہونا چاہئے تکلیف پہنچانے والا اچھا نتیجہ نہیں رکھتا۔ ؞

نصیحت ہشتم

کسی شخص کے دل کو رنجیدہ مت کر اپنے گناہ کو لوگوں سے چھپایا جا سکتا ہے لیکن خدا سے چھپانے کی طاقت نہیں رکھتا تو آدمی اپنے گناہ کو یاد نہیں رکھتا لیکن خدا کے سامنے

سب موجود ہیں آج کے کام کو کل پر نہیں چھوڑنا چاہیئے موت کو ہر وقت حاضر جان موت نیک نامی کے ساتھ بہتر ہے بدنامی کی زندگی سے کرم ہر حال میں پسندیدہ ہے انصاف کرنا دولت کی زیادتی کا سبب ہے ظلم سلطنت کی بنیاد کو اکھاڑ دیتا ہے جان کی حفاظت سب سے پہلے ۔

نصیحت نہم

ہر وہ راز جو تو رکھتا ہے پوشیدہ بہتر ہے اسلئے کہ رازوں کو چھپانے والے دنیا میں بہت کم ہیں عورتوں کے سامنے اپنا راز کھولنا نادانی ہے نیکی کا پھل نیکی ہے اور بدی کا پھل بدی جو شخص برا کرتا ہے نیکی کی امید نہیں رکھنی چاہیئے عقلمند دشمن بیوقوف دوست سے بہتر ہے دشمن سے پرہیز کرنا چاہیئے اور دشمن کو حقیر نہیں شمار کرنا چاہیئے ۔

نصیحت دہم

مرد کی علامت

آدمی کو چاہیئے کہ بلند ہمت رکھے اور درست ارادہ علامہ اور بلند ہمتی ہے مشقت برداشت کرنے سے مت ڈر سخاوت بہتر ہے عبادت سے گناہ کا بخشنا بہترین خصلت ہے جب عہد کرے تو اس کو پورا کرنے میں کوشش کر تاکہ دوست اور دشمن کو تجھ پر بھروسہ ہو جائے۔ معاف کرنا بلند ہمتی کی علامت ہے اور سب کو برابر جاننا سرداری کی نشانی ہے سخت مزاجی اور بداخلاقی مخالفت کا سبب اپنی تعریف کرنا اپنی عزت کی زیادتی کے واسطے ذلت کا سبب ہوتا ہے ۔

نصیحت یازدہم

تکبر آدمی کو ذلیل اور بے قدر بنا دیتا ہے جو کچھ اپنے لئے پسند کرتا ہے دوسروں کے لئے پسند کر جو شخص اصل میں برا ہے اس سے نیکی کی امید مت رکھ احمق کو اپنی تعریف اچھی لگتی ہے بچوں کی بیجا تعریف کرنا برا راستہ دکھلانا ہے جس شخص کی صورت اچھی ہے ایسا نہیں ہے کہ اس میں اچھی سیرت ہو۔ جس شخص کو خوشامد اچھی لگی اس نے اپنے کو فراموش کر دیا۔ لالچ برا ہے زیادہ طلب کرنے سے اصل بھی ہاتھ سے چلی جاتی ہے ۔

نصیحت دوازدہم

ذوالنون مصری سے لوگوں نے پوچھا کہ عبادت کیا ہے انہوں نے کہا تمام احوال میں اسکا غلام رہنا نہ کہ ہمیشہ آزاد رہنا۔ تمام احوال میں تیرا مولا ہے اللہ ایسی ذات ہے کہ اسکی آقائی میں کوئی کمی نہیں ہے چاہئے کہ اس کی فرمانبرداری اور بندگی میں ہم لوگوں سے بھی کوئی کمی نہ ہو۔

نصیحت سیزدہم

جب کبھی دو کام ایک دوسرے کے مقابل ہو اچانک تیرے سامنے آجائیں اور تو نہیں جانتا کہ کونسا ایک ان دونوں میں سے کریں جو حق اور درست ہے اور کونسے کو ترک کردیں جو غلط اور باطل ہے پس نظر کر ان دونوں کاموں میں کون سا ایک تیری خواہش کے نزدیک ہے اسکی مخالفت کر اور فعل میں مت لا اسلئے جو اور درست آدمی کی خواہش اور تمنا کے خلاف میں ہے۔

نصیحت چہاردہم

جو شخص بدزبان اور بداخلاق اور بدسیرت ہوتا ہے تمام شخص اس کو دشمن سمجھتے ہیں اور جو شخص جھوٹ نہیں بولتا اور وعدہ خلافی نہیں کرتا اور لوگوں کو نہ ستائے تمام شخص اس کو محبوب رکھتے ہیں۔

نصیحت پانزدہم

چار چیزیں بزرگی کی دلیل ہیں علم کو عزیز رکھنا اور برائی کو اچھائی کے ساتھ دفع کرنا اور غصہ کو پی جانا۔ اور درشتگی کے ساتھ جواب دینا۔

نصیحت شانزدہم

دانا ترین لوگوں میں سے وہ شخص ہے جو زمانہ کے ناموافقت سے دل تنگ نہ ہو اور بلند ہمت وہ شخص ہے جو آخرت کی نعمت کو دنیا کی نعمت پر ترجیح دے اور بے عقل وہ شخص ہے جو تواضع کرے اس شخص کے لئے جو اسکی تواضع کو مکروہ رکھتا ہے۔ اور کسی شخص کے ساتھ نزدیکی تلاش مت کر جو تجھ سے بیزار ہو۔

نصیحت ہفتدہم

بزرگوں میں سے ایک کہتے ہیں کہ عالم اس شخص کو کہا جاسکتا کہ اسکو علم برے فعل سے باز رکھے۔ ؞

نصیحت ہیجدہم

سقراط کہتا ہے جو بدن فاسد اخلاط سے پاک نہیں ہے جو کچھ اسکو غذا دیتا ہے۔ بیماری کے مادہ کی زیادتی کا سبب ہوتا ہے۔ اور یہ اشارہ اسکی طرف ہے کہ اگر نفس ناطقہ برے اخلاق سے پاک نہ ہوگا علوم کی تعلیم اسکو فساد کی زیادتی سبب کا ہوتا ہے۔ ؞

نصیحت نوزدہم

ہندوستان کے حکیم کہتے ہیں کہ دوستی چار درجہ رکھتی ہے۔

پہلا درجہ۔ یہ ہے کہ دوست کے گھر میں جائے اور دوست کو اپنے گھر میں لائے جس وقت یہ مرتبہ حاصل ہو جائے دوستی کا چوتھائی حصہ حاصل ہوگا۔

دوسرا درجہ۔ یہ ہے کہ دوست کے گھر میں کوئی چیز کھائے اور دوست کو اپنے گھر میں کوئی چیز کھلائے جب اس حد تک پہنچے دوستی کا آدھا حصہ حاصل ہوگا۔

تیسرا درجہ۔ یہ ہے کہ دوست کو کوئی چیز دے اور اگر دوست کوئی چیز دے تو لے لے جب اس درجہ پر پہنچے دوستی کا تین چوتھائی حصہ ہو جائے گا۔

چوتھا درجہ۔ یہ ہے کہ اپنے دل کے راز سے دوست کو مطلع کرے اور دوست کو بھی چاہیئے کہ اسکو اپنے دل کے راز سے باخبر کرے اور جب اس مرتبہ تک پہنچیگا تمام دوستی حاصل ہو جائیگی اور دوستی کا مرتبہ اس سے زیادہ اونچا نہیں ہے۔

(سوال وجواب)

سوال۔ خدا تعالیٰ سے کیا مانگنا چاہیئے۔

جواب۔ دونوں جہان کی خیر وعافیت۔

سوال۔ زندگی کس طرح بسر کرنی چاہیئے۔
جواب۔ خوشنودی اور کم ستانے کے ساتھ۔

سوال۔ عمر کون سے کام میں خرچ کرنی چاہیئے۔
جواب۔ علم کے حاصل کرنے میں۔

سوال۔ علم کیا نتیجہ دیتا ہے۔
جواب۔ علم پڑھنے والا اگر چھوٹا ہوتا ہے بڑا ہو جاتا ہے اور اگر فقیر ہوتا ہے تو مالدار ہو جاتا ہے۔

سوال۔ عزت کس طرح زیادہ ہوتی ہے۔
جواب۔ کم بولنے سے۔

سوال۔ نیک بخت کس دلیل سے پہنچانا جاسکتا ہے۔
جواب۔ تین دلیل ہے۔ ایک علم کا طلب کرنے والا۔ دوسرا سخاوت کرنے والا تیسرا شخص مکمل دینے والا
سوال۔ کاموں میں زیادہ نیک کیا ہے۔
جواب۔ حکماء اور علماء کی مجلس میں بیٹھنا اور ان کی صحبت سے فائدہ حاصل کرنا۔

سوال انسان کو جان سے کیا پیارا ہے۔
جواب۔ دین دار کو دین اور بے دین کو درہم۔

سوال۔ دوست کس طرح پہنچانا جاتا ہے۔
جواب۔ ضرورت کے وقت میں یار اور اغیار کو معلوم کر سکتا ہے۔

سوال ۔ وہ کونسا شخص ہے کہ اگر سو عیب رکھے ہوئے ہوتا ہے لوگ اسکے عیب نہیں پکڑتے۔
جواب ۔ سخی مرد

سوال ۔ وہ کیا چیزیں ہیں جو زندگی سے بہتر اور موت سے بدتر ہوتی ہے۔
جواب ۔ زندگی سے بہتر نیک نامی اور موت سے بدتر بدنامی۔

سوال ۔ جسم کی صحت کس چیز میں ہے۔
جواب ۔ سچی بھوک کے ساتھ کھانا کھانا اور ابھی تھوڑی بھوک باقی ہے کہ ہاتھ کھانے سے کھینچ لینا۔

سوال ۔ انسان کونسے عمل سے دلوں کا محبوب ہوتا ہے۔
جواب ۔ سچائی سے معاملہ

سوال ۔ کم ستانا کس طرح حاصل ہوتا ہے۔
جواب ۔ اپنے کو تمام ذی حیات سے کمتر اور بدتر سمجھنا۔

سوال ۔ یہ صفت کس طرح ہوگی۔
جواب ۔ علماء اور حکماء کی صحبت کی برکت سے۔

سوال ۔ نالائق لڑکا کس طرح ہوتا ہے۔
جواب ۔ جیسا کہ چھوٹی انگلی اگر کاٹے تو درد کرتا ہے اور اگر چھوڑے تو عیب ہوتی ہے

سوال ۔ دولت والوں کے لئے کون سا عمل بہتر ہے۔
جواب ۔ محتاجوں کو دولت دینا اور مہمانوں کی تواضع میں مشغول ہونا۔

سوال: سچی دوستی کا نشان کیا ہے۔

جواب: جو نیکی میں تیری مدد کرے اور بدی سے تجھکو روکے۔

تمت
بالخیر

9359351551

instagram id : @Sohail Khan Qasmi

Telegram Channel: New Madarsa

اگر آپکو کوئی چیز سمجھ میں نا آئے ،
یہ کسی کتاب کی لکھی ہوئی کاپی چاہیے
تو ہم سے رابطہ کریں

Pinterest

Follow All Social Media Network:

NEW MADARSA

Blogger

Telegram

Instagram

facebook

काम देख कर follow करें





Darul Uloom

NOTE-BOOK

Name...

Class,...

Subject...

MUJAHID GENERAL STORE
Near Madani Masjid, Deoband